15-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ تقریباً 40 ریلوے کے بنیادی ڈھانچے کے منصوبے ریاست میں جاری ہیں، جو 4,300 کلومیٹر پر محیط ہیں اور ان پر 42 ہزار کروڑ روپے لاگت آ رہی ہے۔

۲۔بی آر ایس اور بی جے پی جماعتوں نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس حکومت نے فیس باز ادائیگی کے تحت بقایا جات ادا نہ کر کے لاکھوں طلبہ کو بحران میں ڈال دیا ہے۔

۳۔مرکزی حکومت نے خصوصی مہم 5.0 کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد صفائی کو بہتر بنانا اور زیر التوا کاموں کو آئندہ ماہ کی 2 تاریخ سے مکمل کرنا ہے۔

۴۔مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور کرن رجیجو نے آج وقف ترمیمی بل کو ہندوستان کی پارلیمانی جمہوریت کا ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔

VANDE BHARAT

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج ناگپور۔سکندرآباد وندے بھارت ایکسپریس (ٹرین نمبر 20102) کو روانہ کیا۔اس موقع پر ایک نیا اسٹاپ منچریال ریلوے اسٹیشن پر شامل کیا گیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے بنڈی سنجے نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں تلنگانہ میں بے مثال ترقی دیکھی جا رہی ہے۔انہوں نے بتایا کہ سال 2024-25 میں تلنگانہ کے لیے ریلوے بجٹ کی گرانٹ 5,337 کروڑ روپے رکھی گئی ہے، جو 2014-15 میں صرف 258 کروڑ روپے تھی۔انہوں نے مزید کہا کہ تقریباً 40 بنیادی ڈھانچے کے منصوبے، جن میں 4,300 کلومیٹر ریل نیٹ ورک اور 42,000 کروڑ روپے کی لاگت شامل ہے، ریاست میں جاری ہیں۔اسی دوران کئی اسٹیشنوں کو 'امرت بھارت اسٹیشن اسکیم' کے تحت جدید بنایا جا رہا ہے۔ریاستی وزیر محنت جی ویوک وینکٹ سوامی نے کہا کہ

منچر یال تلنگانہ کے اہم ریلوے اسٹیشنوں میں سے ایک ہے اور بڑے ٹرینوں کی رکنے کی سہولت فراہم کرنے سے اس علاقے کو بڑا فائدہ ہوگا۔ اس موقع پر رکن پارلیمنٹ وامسی کرشنا، ایم ایل سی انجی ریڈی اور سکندرآباد کے ڈی آر ایم ڈاکٹر آر گوپال کرشنن سمیت دیگر اعلیٰ ریلوے عہدیدار بھی موجود تھے۔

WEATHER:

ہندوستانی محکمہ موسمیات ( آئی ایم ڈی ) نے تلنگانہ کے 9 اضلاع کے لیے کل شدید بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔ محکمہ کے تازہ بلیٹن کے مطابق، شدید بارش عادل آباد، نرمل، نظام آباد، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، محبوب نگر اور نارائن پیٹ اضلاع میں الگ الگ مقامات پر ہونے کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کے تمام 33 اضلاع میں گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ طوفانی بارش کے امکانات ہیں۔ محکمہ نے بتایا کہ جنوب مغربی مانسون تلنگانہ میں معمول کے مطابق سرگرم ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں میڑچل۔ ملکاج گیری ضلع میں کچھ مقامات پر بہت زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ حیدرآباد، کاماریڈی اور نظام آباد اضلاع میں شدید بارش ہوئی۔

CONSUL GENERAL:

امریکی قونصل جنرل متعینہ حیدرآباد لورا ولیمز جنہوں نے گزشتہ ماہ عہدہ سنبھالا تھا نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے حیدرآباد کے انٹی گریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں ملاقات کی۔ قونصل جنرل کی قیادت میں حیدرآباد میں امریکی قونصل خانہ، امریکہ کے مفادات کو فروغ دیتا ہے اور ریاست تلنگانہ، آندھرا پردیش اور اوڈیشہ میں امریکہ اور ہندوستان کے درمیان دو طرفہ تعلقات کو مضبوط بناتا ہے۔ یہ بات ایک سرکاری پریس ریلیز میں بتائی گئی۔

AAROGYASRI

تلنگانہ آروگیہ شری نیٹ ورک اسپتال اسوسی ایشن (TANHA) نے آج اعلان کیا ہے کہ آروگیہ شری

اسکیم کی خدمات غیر معینہ مدت کے لیے معطل کردی جائیں گی۔ یہ فیصلہ ریاست بھر کے خانگی دواخانوں کے نیٹ ورک کے ذریعے کل رات سے نافذ ہوگا۔ اسوسی ایشن نے کہا کہ بار بار حکام سے بات چیت اور یقین دہانیوں کے باوجود ادائیگیوں میں تاخیر جاری ہے۔ عوام اور مستفید ہونے والوں سے معذرت کرتے ہوئے انہوں نے درخواست کی کہ وہ ان مجبوریوں کو سمجھیں۔

BANDI

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج ریاستی حکومت پر الزام لگایا کہ وہ لاکھوں طلبہ کے مستقبل کو تباہ کررہی ہے کیونکہ فیس بعد ادائیگی کے تحت ادائیگیاں نہیں کی جارہی ہیں۔ منچر یال ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 15 لاکھ سے زائد طلبہ جو اعلیٰ تعلیم حاصل کررہے ہیں، بشمول ڈگری، انجینئرنگ، فارمیسی، میڈیکل، ایم بی اے اور ایم سی اے کورسس، بقایا جات ادا نہ ہونے کی وجہ سے متاثر ہورہے ہیں۔ بنڈی سنجے نے صحت کے شعبے میں بھی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ اسپتال، آروگیہ شری اسکیم کے تحت علاج سے انکار کررہے ہیں کیونکہ ادائیگیاں نہیں ہورہی ہیں، جس سے غریب مریض پریشان ہیں۔ نکسلائٹس کے مسئلہ پر وزیر نے کہا کہ جو بھی بغیر اجازت ہتھیار لے کر گھومے گا وہ سماج دشمن تصور ہوگا جبکہ انہوں نے ماؤنوازوں سے ہتھیار ڈالنے کی اپیل کی۔ بصورت دیگر انہوں نے خبردار کیا کہ سیکورٹی فورسس سخت کارروائی جاری رکھیں گی۔ انہوں نے اعلان کیا کہ نکسلائٹ مسئلہ مارچ 2026 تک مکمل طور پر ختم کردیا جائے گا۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ (کے ٹی آر) نے تلنگانہ کی کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ وہ فیس باز ادائیگی کے تحت بقایا جات ادا نہ کرکے لاکھوں غریب طلبہ کو بحران میں ڈال رہی ہے۔ انہوں نے تشویش ظاہر کی کہ تقریباً 13 لاکھ ایس سی، ایس ٹی، بی سی اور اقلیتی طلبہ، حکومت کی لاپرواہی کی وجہ سے اعلیٰ تعلیم کے مواقع سے محروم ہوسکتے ہیں۔

NITI AAYOG

نیتی آیوگ کے اٹل انو ویشن مشن (AIM) کے تحت 'میگا ٹنکرنگ ڈے' اقدام کو انڈیا بک آف ریکارڈز اور ایشیا بک آف ریکارڈز میں شامل کرلیا گیا ہے۔ نیتی آیوگ نے آج بتایا کہ اس اقدام نے ایک دن میں سب سے زیادہ طلبہ کی شرکت کا ریکارڈ بنایا ہے۔ اس موقع پر 4 لاکھ 73 ہزار سے زائد طلبہ، جو 9 ہزار سے زیادہ اٹل ٹنکرنگ لیب اسکولوں سے تعلق رکھتے ہیں، اکٹھے ہوئے اور سوچھ بھارت کے لیے ایک حل تیار کیا۔ یہ پروگرام 12 ستمبر کو آن لائن نشر کیا گیا تھا، جس میں طلبہ نے اپنے ویکیوم کلینز خود تیار کیے۔ یہ ریکارڈ آج باضابطہ طور پر تسلیم کیا گیا۔

RIJIJU WAQF

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج کہا ہے کہ وقف ترمیمی بل ہندوستانی جمہوریت کا ایک اہم سنگ میل ہے۔ ممبئی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ یہ بل پارلیمنٹ میں سب سے طویل بحث کے بعد منظور کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق اس بل سے پورے مسلم طبقے کو فائدہ ہوگا، خاص طور پر غریب مسلمانوں اور خواتین کو۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے سپریم کورٹ میں اس بل کے تمام حقائق اور وجوہات پیش کیں اور عدالت کے فیصلے کو اس وژن کی کامیابی قرار دیا۔

SPECIAL  CAMPAIGN

مرکزی حکومت نے صفائی اور زیر التواء معاملات کو نمٹانے کے لیے خصوصی مہم 5.0 کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جو آئندہ ماہ کی 2 تاریخ سے شروع ہوگی۔ صارفین کے امور، خوراک اور عوامی تقسیم کی وزارت نے بتایا کہ اس مہم میں ریکارڈ مینجمنٹ میں بہتری، جگہ کا موثر استعمال، ای ویسٹ کا نظم و نسق اور دفتری احاطے کی صفائی اور خوبصورتی جیسے اقدامات شامل ہوں گے۔

TRAINING

آج حیدرآباد میں ڈاکٹر ایم سی آر ایچ آر ڈی انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام میڈیا مینجمنٹ پر 9 واں بین الاقوامی تربیتی پروگرام شروع ہوا۔ اس دو ہفتے کے پروگرام میں ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ کے 25 ممالک سے 30 مندوب شریک ہیں۔ ادارے کی ڈائریکٹر جنرل شانتی کماری نے کہا کہ میڈیا جمہوریت کا چوتھا ستون ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت صرف ایک پیشہ نہیں بلکہ عوامی اعتماد ہے، جو معاشرے کی نگرانی کرنے والا، بے آوازوں کی آواز اور حکومتوں اور عوام کے درمیان پُل کا کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج صحافی مصنوعی ذہانت سے چلنے والی فیکٹ چیکنگ، موبائل جرنلزم، ملٹی میڈیا اسٹوری ٹیلنگ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے دور میں تیز تبدیلیوں سے گزر رہے ہیں۔ یہ پروگرام بھارت کے متنوع میڈیا نظام کو سمجھنے کا موقع فراہم کرے گا۔

STRIKE

تلنگانہ اسٹیٹ کمیٹی آف نیشنل پلیٹ فارم فار رائٹس آف ڈس ایبلڈ (این پی آر ڈی) نے اعلان کیا ہے کہ 20 ستمبر کو ریاست بھر کے آر ڈی او دفاتر کے سامنے بھوک ہڑتال کی جائے گی۔ یہ ہڑتال پنشن میں اضافے اور نئی درخواستوں کی منظوری کے مطالبے کے لیے کی جا رہی ہے۔ کمیٹی نے یاد دلایا کہ اسمبلی انتخابات کے دوران کانگریس پارٹی نے معذور افراد کی ماہانہ پنشن 4016 روپے سے بڑھا کر 6000 روپے کرنے اور بزرگوں، بیواؤں اور دیگر مستحقین کے لیے 2016 روپے سے بڑھا کر 4000 روپے کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ تاہم، اقتدار میں آئے 21 ماہ گزر جانے کے باوجود ریاستی حکومت نے یہ اضافہ نافذ نہیں کیا ہے۔

BJP

ریاستی بی جے پی صدر رایزام چندر راؤ نے آج پرائیویٹ کالج مینجمنٹ ایسوسی ایشنوں کی طرف سے ریاست بھر میں اعلان کئے گئے بند کی مکمل حمایت کرنے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کا مطالبہ کیا ہے کہ حکومت زیرالتوافیس ری ایمبرسمنٹ جاری کرے۔انہوں نے حیدرآباد کے ناملی میں ریاستی پارٹی دفتر میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ بقایا جات کی وجہ سے پرائیویٹ کالج شدید بحران کا شکار ہو گئے ہیں اور کئی ادارے پروفیسروں، لکچررز اور دیگر اسٹاف کو تنخواہیں ادا کرنے سے قاصر ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس پارٹی نے انتخابات کے منشور میں طلبہ کے لیے 5 لاکھ روپے کے ایجوکیشن ایشورنس کارڈ دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن آج تک یہ وعدہ پورا نہیں ہوا۔

Asia Cup

ایشیا کپ 2025 کرکٹ ٹورنمنٹ میں آج متحدہ عرب امارات (یواے ای) کی ٹیم ابوظہبی کے شیخ زاید اسٹیڈیم میں گروپ اے کے ایک اہم میچ میں عمان کا سامنا کرے گی۔یہ میچ اب سے کچھ ہی دیر پہلے شروع ہو چکا ہے۔اس سے قبل ہانگ کانگ کو مسلسل افغانستان اور بنگلہ دیش کے خلاف شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے۔آج کا میچ اس کیلئے سوپر فور مرحلے میں داخل ہونے کی آخری امید ہے۔اسی گروپ اے کے ایک اور میچ میں آج سری لنکا دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ہانگ کانگ کے خلاف کھیلے گی۔یہ میچ ہندوستانی معیار وقت کے مطابق رات 8 بجے سے شروع ہوگا۔

○○